日本年金機構
Japan Pension Service

20XX ،XXXX XX

محترم آجر،

ڈائریکٹر،
JPS XXXX برانچ آفس

**EPI اور EHI میں رجسٹریشن کی درخواست**

ہم آپ کو مطلع کرنا چاہیں گے کہ، کارکنوں کی طبی اور آمدنی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے، تمام کمپنیوں کے آجروں کو قانون کے تحت اپنے کام کی جگہ کو رجسٹر کرنا چاہیے تاکہ وہ ملازمین پنشن انشورنس (*EPI، Employees’ Pension Insurance*) اور ملازمین ہیلتھ انشورنس (*EHI، Employees’ Health Insurance*) سسٹمز کے ذریعے احاطہ کیا جا سکیں (مزید معلومات کے لیے، براہ کرم منسلک بروشرز دیکھیں۔) تاہم، ہمارے ریکارڈ کے مطابق آپ کے کام کی جگہ ان سسٹمز میں رجسٹرڈ نہیں ہوئی ہے۔

اپنے کارکنان کے لیے انشورنس کوریج (احاطہ) قائم کرنے کے لیے، **ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ اپنے کام کی جگہ کو EPI اور EHI کے ذریعے احاطہ کرنے کے لیے 20XX ،XXXX XX تک نیچے دیئے گئے ہمارے برانچ آفس میں رجسٹر کریں۔** براہ کرم **اپنی شناختی دستاویز** ضرور ساتھ لے کر آئیں، جیسے مائی نمبر کارڈ (انفرادی نمبر کارڈ)، پاسپورٹ یا رہائشی کارڈ۔

اگرچہ ہمارے برانچ آفس میں متعدد زبانوں میں مفت ترجمانی کی سروس دستیاب ہے، لیکن آپ کسی ایسے شخص کو لا سکتے ہیں جو جاپانی بولتا ہو۔

ہم آپ کے تعاون کے لیے آپ کے شکر گزار ہیں۔